# پاکستان سکول منامہ / عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔چہارم | مضمون۔اُردو لازمی | کتاب کا نام۔نرگس |
| سبق کا نام۔اُف میرے دانت | صفحہ نمبر۔9تا12 | پہلی سہ ماہی |

## یونٹ 3

**نوٹ: سبق کی درست تلفظ کے ساتھ کم سے کم دو یا تین بار پڑھائی کریں۔**

***نئے الفاظ اور ان کے معانی صفحہ نمبر 11 پر دیئے گئے ہیں انھیں یاد کریں اور ایک بار کاپی پر خوشخط لکھیں۔**

***معروضی سوالات کے درست جوابات سبق کی پڑھائی کرنے کے بعد کتاب پر مکمل کریں۔**

### سوالات کے جوابات

1۔ڈرامے کے پہلے منظر میں کس وقت کا ذکر کیا گیا ہے اور کون سے دو کردار آپس میں گفتگو کر رہے ہیں؟

جواب:ڈرامے کے پہلے منظر میں صبح کے ناشتے کے وقت کا ذکر ہے اور "امی" اور "عمر" آپس میں بات کر رہے ہیں۔



2۔ڈرامے کے دوسرے منظر میں کن کرداروں کا ذکر ہے ان کے نام لکھیے؟

جواب:دوسرے منظر میں ڈاکٹر، عمر کے ابو اور عمر کا ذکر ہے۔

3۔ڈاکٹر نے دانت خراب ہونے اور کیڑا لگنے کی وجہ بتائی؟

جواب:ڈاکٹر نے بولا دانت صاف نہ کرنے، ٹافیوں اور میٹھی چیزوں سے دانت خراب ہو جاتے ہیں۔

4۔عمر نے دل ہی دل میں اپنے آپ سے کیا وعدہ کیا تحریر کیجیے؟

جواب:عمر نے دل ہی دل میں خود سے وعدہ کیا کہ "امی اب میں آپ کے کہنے سے پہلے ہی دانت صاف کر لیا کروں گا۔"

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| صحت | میری امی کی صحت بہت اچھی ہے |
| پابندی | ہمیں وقت کی پابندی کرنی چاہیے |
| درد | آمنہ کے دانت میں درد تھا |

## گھر کا کام

1. صفحہ نمبر 12 پر "ہ" کی کتاب پر خوشخطی کریں۔
2. صحت وصفائی کے پانچ فائدے کاپی پر لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ چہارم | مضمون۔ اُردو لازمی | کتاب کا نام۔ نرگس |
| سبق کا نام۔ اُف میرے دانت | صفحہ نمبر۔ 9 تا 12 | پہلی سہ ماہی |

## متفرق سرگرمیاں

### سرگرمی نمبر 1

دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

ڈاکٹر، کلینک، ابو، چار، بالوں، گھر، دانتوں، تین

1۔ ________________ نے حدیث کا مطلب سمجھایا۔

2۔ اس ڈرامے میں ________________ کرداروں کا ذکر کیا گیا ہے۔

3۔ ڈرامہ اُف میرے دانت میں ________ کی صفائی سے متعلق بتایا جا رہا ہے۔

4۔ حدیث کا بورڈ ________________ کی دیوار پر لگا تھا۔

### سرگرمی نمبر 2

الفاظ کے معانی لکھیے۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| وعدہ | |
| دائیں | |
| دندان ساز | |
| حدیث | |

# سرگرمی نمبر 3

دیئے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| مسواک | |
| دندان ساز | |